# میگا-روکس: میگا رینڈمائزڈ رجسٹری ٹرائل کمپیرنگ کنزرویٹو ورسز لبرل آکسیجینیشن ٹارگٹس

(ایک وسیع تحقیق جو مختلف آکسیجن کی مقداروں (کم بمقابلہ زیادہ) کے اثرات کا موازنہ کرتی ہے)

## معلوماتی صفحہ

### تحقیق کا مقصد

میگا-روکس (Mega-ROX) تحقیق کا مقصد یہ جاننا ہے کہ آئی سی یو (انتہائی نگہداشت یونٹ) میں سانس کی مصنوعی مشین (وینٹی لیٹر) پر موجود مریضوں کو آکسیجن کس حد تک دینی چاہیے۔ اس سے معلوم ہو سکے گا کہ آکسیجن کی کون سی مقدار جان بچانے میں زیادہ مؤثر ہے۔

یہ تحقیق ڈاکٹر ضیاء الدین گروپ آف اسپتالز میں پروفیسر مدیحہ ہاشمی کی نگرانی میں کی جا رہی ہے اور ضیاء الدین یونیورسٹی اخلاق جائزہ کمیٹی (ERC) سے منظور شدہ ہے۔

### پس منظر

آکسیجن زندگی کے لیے ضروری ہے اور آئی سی یو میں وینٹی لیٹر پر موجود تمام مریضوں کو دی جاتی ہے۔ اکثر مریضوں کو ضرورت سے زیادہ آکسیجن دی جاتی ہے۔ بعض تحقیقات کے مطابق اضافی آکسیجن نقصان دہ ہو سکتی ہے، جبکہ کچھ تحقیق اس کے فوائد بتاتی ہے۔

اس تحقیق کا مقصد یہ ہے کہ آئی سی یو میں دی جانے والی آکسیجن تھراپی کے مختلف طریقوں کا جائزہ لے کر یہ معلوم کیا جائے کہ کون سا طریقہ زیادہ محفوظ اور مؤثر ہے۔

### اس تحقیق میں شرکت کا کیا مطلب ہے؟

میگا-روکس تحقیق میں شامل مریضوں کو آکسیجن تھراپی کے دو طریقوں میں سے ایک دیا جائے گا: ایک میں نسبتاً زیادہ آکسیجن دی جائے گی، دوسرے میں کم۔ یہ فیصلہ معالج ڈاکٹر کے بجائے تحقیق کے بے ترتیب (رینڈم) طریقہ کار سے ہوگا۔ آئی سی یو کی ٹیم پہلے ہی طے کر چکی ہے کہ دونوں طریقے محفوظ اور مناسب ہیں، اسی لیے مریض کو اس تحقیق میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ تمام معلومات آئی سی یو میں معمول کے علاج کے دوران حاصل کی جائیں گی، اور مریضوں کو کوئی اضافی چیک اپ نہیں کروانا ہوگا۔ صرف تین ماہ بعد ایک فون کال کے ذریعے مریض یا ان کے اہلخانہ سے رابطہ کیا جائے گا۔

### ؟اس تحقیق کے ممکنہ فوائد اور خطرات کیا ہیں

اس تحقیق میں پچھلے مریضوں کی معلومات کا جائزہ لے کر نئے مریضوں کے لیے بہتر علاج کے طریقے تلاش کیے جا رہے ہیں۔ اس لیے اس ۔تحقیق میں شامل مریضوں کی صحت بہتر ہونے کے امکانات عام مریضوں کے مقابلے میں زیادہ ہو سکتے ہیں

آئی سی یو کی ٹیم اس بات پر متفق ہے کہ آکسیجن تھراپی کے دونوں طریقے محفوظ اور مناسب ہیں، اور انہوں نے اس تحقیق میں شرکت ۔کی منظوری دی ہے۔ دونوں طریقے آئی سی یو کے معیاری علاج کا حصہ ہیں اور ان میں کوئی اضافی خطرہ شامل نہیں ہے

اگر آپ کے عزیز اس تحقیق میں شامل ہوتے ہیں تو ان کی معلومات مستقبل میں دوسرے مریضوں کے لیے بہتر علاج کا ذریعہ بن سکتی ۔ہیں

### ؟اس تحقیق کی مالی معاونت کون فراہم کر رہا ہے

نہ آپ کو اور نہ آپ کے ڈاکٹر کو اس تحقیق میں شامل ہونے پر کوئی مالی فائدہ ہوگا۔ تاہم، تحقیق کے اخراجات پورے کرنے کے لیے بین الاقوامی ادارے تحقیقاتی ٹیم کو ہر مریض کے بدلے ایک مخصوص رقم ادا کریں گے۔

**اگر کوئی پیچیدگی پیدا ہوا تو اس کا خرچہ کون اٹھائے گا؟**

اس تحقیق میں استعمال ہونے والی آکسیجن تھراپی کے دونوں طریقے محفوظ سمجھے جاتے ہیں۔ اگر اس تحقیق میں شمولیت کے نتیجے میں کوئی سنگین اور غیر متوقع نقصان ہو تو اس کے لیے کلینیکل ٹرائل انشورنس دستیاب ہے۔

**آپ کے عزیز کے حقوق کیا ہیں؟**

رضاکارانہ شرکت اور دستبرداری

اس تحقیق میں شرکت مکمل طور پر رضاکارانہ ہے۔ چونکہ آپ کے عزیز اس وقت خود فیصلہ نہیں کر سکتے، اس لیے آپ کی رائے اہم ہے۔ اگر آپ تحقیق میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو اس کا مریض کی طبی دیکھ بھال پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ آپ کسی بھی وقت، بغیر وجہ بتائے، فیصلہ بدل سکتے ہیں۔ آپ کے عزیز کسی بھی مرحلے پر تحقیق سے دستبردار ہو سکتے ہیں، اور انہیں مکمل طبی سہولیات فراہم کی جاتی رہیں گی

رازداری

آپ اور آپ کے عزیز کی معلومات کو مکمل رازداری کے ساتھ رکھا جائے گا۔ تمام معلومات متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق خفیہ رہیں گی۔ ہر مریض کو ایک خاص شناختی نمبر دیا جائے گا، اور ایسی کوئی معلومات جمع نہیں کی جائیں گی جن سے کسی کی شناخت ظاہر ہو۔طبی ریکارڈ سے ایسی کوئی معلومات نہیں لی جائے گی جس سے مریض کی شناخت ظاہر ہو سکے۔ تحقیقاتی، اخلاق، اور ریگولیٹری ادارے صرف یہ جانچنے کے لیے معلومات دیکھ سکتے ہیں کہ تحقیق محفوظ طریقے سے ہو رہی ہے۔ تحقیقاتی عملے پر بھی معلومات کو خفیہ رکھنے کی ذمہ داری ہوگی۔

**؟تحقیق مکمل ہونے کے بعد کیا ہوگا**

تحقیق مکمل ہونے کے بعد تمام معلومات کو 15 سال تک محفوظ رکھا جائے گا۔ یہ تحقیق ممکنہ طور پر 2025 میں مکمل ہو گی، اور اس کے نتائج ایک تعلیمی جریدے میں اور ہماری ویب سائٹ (zu.edu.pk/ccrg) پر شائع کیے جائیں گے۔ اگر آپ چاہیں تو نتائج آپ کو فون یا ای میل کے ذریعے بھی فراہم کیے جا سکتے ہیں۔

.

اگر تحقیق کے دوران آپ کو کسی قسم کا سوال، تشویش یا شکایت ہو تو آپ تحقیقاتی ٹیم (madiha.hashmi@zu.edu.pk) یا ایتھکس کمیٹی (zu.erc@zu.edu.pk) سے ریفرنس کوڈ AKPUL2680920 کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ (zu.edu.pk/ccrg) ملاحظہ کریں۔